Urdu | اردو

# صارف کا تحفظ تجاویز برائے

# تارکین وطن

تارکین وطن کو جائے کار اور منڈی میں منفرد چیلنجوں کا سامنا ہوتا ہے۔
محکمہ برائے امور صارفین (Department of Consumer Affairs) نے تارکین وطن کے حقوق اور مدد کے لیے کہاں جائیں اس بارے میں انہیں بتانے کے لیے یہ تجاویز تیار کی ہیں۔

اندرونی صفحات پر:


ترکِ وطن میں اعانت سے متعلق خدمات صفحہ 3
ملازمتی ایجنسیاں صفحہ 5
مالی امور صفحہ 8
ٹیکس کی تیاری صفحہ 11



NYC Office of the Mayor

Consumer Affairs
Lorelei Salas
Commissioner

Mayor's Office of Immigrant Affairs
Nisha Agarwal
Commissioner

Small Business Services
Gregg Bishop
Commissioner

تارکینِ وطن کے لیے صارف کے تحفظ کی تجاویز:

# ترکِ وطن میں اعانت سے متعلق خدمات (IMMIGRATION ASSISTANCE SERVICES)

## آگے پڑھنے سے پہلے...

**مفت مدد حاصل کریں۔**
سٹی ہذا محفوظ، مفت ترکِ وطن سے متعلق قانونی اسکریننگز پیش کرتا ہے۔ nyc.gov/actionnyc ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور "ActionNYC" بولیں۔

### اگر آپ ترکِ وطن میں اعانت سے متعلق خدمت فراہم کنندہ (Immigration Assistance Service Provider) کے ساتھ کام کرتے ہیں تو آپ کی مدد کے لیے تجاویز یہ ہیں۔

ترکِ وطن میں اعانت سے متعلق خدمت فراہم کنندگان وہ لوگ یا کاروبار ہیں جو ترکِ وطن سے تعلق رکھنے والی کسی بھی قسم کی خدمات کے لیے فیس عائد کرتے ہیں۔ وہ وکلاء نہیں ہوتے ہیں۔ انہیں ترکِ وطن سے متعلق مشورہ دینے کے لیے حکومت سے اجازت نہیں ملی ہے۔

ان فراہم کنندگان کو درج ذیل کی اجازت ملی ہوئی ہے:

- دستاویزات کا ترجمہ اور نوٹری سے تصدیق کرنے کی۔
- دستاویزات (جیسے سند ولادت یا اسکول ریکارڈز) اکٹھا کرنے میں آپ کی مدد کرنے کی۔
- آپ کے لیے درخواست فارم ٹائپ کرنے کی (لیکن سوالوں کا جواب دینے کے طریقے کی بابت مشورہ دینے کے لیے نہیں)۔
- تصاویر اور طبی جانچوں کا انتظام کرنے کی۔
- انگریزی زبان یا علم تمدن کے امتحانات کے لیے تیاری کرنے میں آپ کی مدد کرنے کی۔

ان فراہم کنندگان کو درج ذیل کی اجازت نہیں ملی ہے:

- ترکِ وطن کی جو دستاویزات آپ کو جمع کرانی چاہئیں انہیں منتخب کرنے کی۔
- جمع کرانے لائق دستاویزات کے بارے میں قانونی مشورہ دینے کی۔
- ترکِ وطن کے آپ کے اختیارات کی وضاحت کرنے کی۔
- امریکی شہریت اور ترکِ وطن سے متعلق خدمات [U.S. Citizenship and Immigration Services (USCIS)] کے ساتھ آپ کے کیس پر گفتگو کرنے کی۔

### تجاویز

- جان لیں کہ کسی فراہم کنندہ کے پاس جانے کے وقت آپ کو کون سے درخواست فارم پُر کرنے کی ضرورت ہے۔
- صرف انہیں فراہم کنندگان کے پاس جائیں جن کے طبعی مقامات موجود ہوں۔ کبھی بھی کسی ایسے شخص کا استعمال نہ کریں جس سے آپ صرف فون یا ای میل کے ذریعہ رابطہ کر سکتے ہوں۔
- کسی ایسے فراہم کنندہ پر اعتبار نہ کریں جو ترکِ وطن سے متعلق حکام کے ساتھ خصوصی اثر و رسوخ رکھنے کا دعوی کرتا ہو۔
- فراہم کنندگان کو خدمات فراہم کرنے سے پہلے آپ کے ساتھ ایک تحریری معاہدے پر دستخط کرنا ضروری ہے۔ دستخط کرنے سے پہلے معاہدے کو پڑھ لیں۔ ایک کاپی اپنے ریکارڈوں کے لیے سنبھال کر رکھیں۔
- اصل دستاویزات (جیسے نکاح نامہ) نہ دیں۔ اس کے بجائے فوٹو کاپیاں دیں۔
- ایک تحریری رسید لیں۔ یقینی بنائیں کہ رسید پر فراہم کنندہ کا نام اور پتہ مذکور ہے۔
- کسی سادہ یا نامکمل فارموں پر دستخط نہ کریں۔ اس بات پر اصرار کریں کہ فراہم کنندہ آپ کے لیے جو کوئی فارم تیار کرے اس پر وہ دستخط کرے۔
- فراہم کنندہ کو آپ کے تحفظ کے لیے ایک بانڈ رکھنا ضروری ہے۔ بانڈ کمپنی یا بینک کا نام اور رابطے کی معلومات تحریر کر لیں۔ اگر آپ کو نقصان پہنچا ہے تو آپ فراہم کنندہ یا اس کی بانڈ کمپنی سے رقم کی تلافی کے لیے عدالت میں جا سکتے ہیں۔
- محکمہ برائے امور صارفین (DCA) کے پاس nyc.gov/dca پر آن لائن ایک شکایت درج کرائیں یا اپنی زبان میں شکایت درج کرانے کے لیے 311 پر رابطہ کریں۔ شکایت درج کرانے کے لیے آپ کو اپنا نام یا اپنی ترکِ وطن کی حیثیت بتانا ضروری نہیں ہے۔ یاد رکھیں: اگر آپ چاہتے ہیں کہ DCA آپ سے رابطہ کرے تو آپ کو اپنا نام اور پتہ فراہم کرنا ضروری ہے۔
- 311 پر کال کریں یا nycourts.gov ملاحظہ کریں اور کسی اٹارنی کے بارے میں شکایت درج کرانے کے لیے "اٹارنی کے لیے انضباطی/شکایت کمیٹی" ("Attorney Disciplinary/Grievance Committee") تلاش کریں۔

# آگاہ رہیں...

نیو یارک اسٹیٹ میں، نوٹری پبلک یا notario público کوئی اٹارنی نہیں ہے۔ نوٹری پبلک قانونی مشورہ دینے، قانونی کاغذات کا مسودہ تیار کرنے یا قانونی حیثیت کے مدنظر دستاویزات کا جائزہ لینے کا کام نہیں کر سکتا ہے۔

کبھی بھی سادہ سرکاری فارموں کے لیے ادائیگی نہ کریں۔ فارم USCIS کی ویب سائٹ uscis.gov پر مفت دستیاب ہیں۔

## مفت مدد

- ActionNYC آپ کی کمیونٹی میں، آپ کی اپنی زبان میں محفوظ، مفت، ترکِ وطن سے متعلق قانونی اسکریننگز فراہم کرتا ہے۔ nyc.gov/actionnyc ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور "ActionNYC" بولیں۔

### اہم بات

- براہ راست سماجی خدمات فراہم کرنے والی سٹی ایجنسیوں کو آپ کی پہلی زبان میں ترجمانی اور ترجمہ کا انتظام کرنا ضروری ہے۔
- سٹی ایجنسیاں ترکِ وطن کی حیثیت کے بارے میں معلومات طلب نہیں کر سکتی ہیں الّا یہ کہ بینیفٹ یا خدمت کے مدنظر اہلیت کا تعین کرنے کے لیے یہ ضروری ہو۔

- ترکِ وطن سے متعلق مفت مشورہ یا مدد کے لیے نیو یارک اسٹیٹ کی امیگریشن ہاٹ لائن کو 1-800-566-7636 یا 1-212-419-3737 پر کال کریں۔

## دیگر وسائل

- تارکین وطن کے لیے صارف کے تحفظ کی دیگر تجاویز پڑھیں:
  - ملازمتی ایجنسیاں
  - مالی امور
  - ٹیکس کی تیاری
- مزید معلومات کے لیے nyc.gov/dca ملاحظہ کریں جس میں ترکِ وطن میں اعانت سے متعلق خدمات کے معاہدے کا نمونہ شامل ہے۔
- میئرز آفس آف امیگرنٹ افیئرز [Mayor's Office of Immigrant Affairs (MOIA)]: تارکین وطن کے لیے قانونی اور سٹی کی خدمات کے بارے میں معلومات کے لیے nyc.gov/immigrants ملاحظہ کریں۔
- امریکی شہریت اور ترکِ وطن سے متعلق خدمات USCIS :(USCIS) فارموں کے لیے uscis.gov ملاحظہ کریں یا 1-800-870-3676 پر کال کریں۔
- نیو یارک اٹارنی جنرل کا آفس (New York Attorney General's Office): اضافی معلومات اور وسائل کے لیے ag.ny.gov ملاحظہ کریں اور "ترکِ وطن سے متعلق فراڈ" ("Immigration Fraud") تلاش کریں۔ ترکِ وطن کے فراڈ کا شکار نہ بنیں *(Don't Be A Victim Of Immigration Fraud)* کو پڑھیں۔
- فیڈرل ٹریڈ کمیشن [Federal Trade Commission (FTC)]: اضافی معلومات اور وسائل کے لیے ftc.gov ملاحظہ کریں اور "ترکِ وطن سے متعلق فریب" ("immigrant scams") تلاش کریں۔ پڑھیں:
  - تارکین وطن کے خلاف فریب
  - فریب کی نشاندہی کرنا، ان سے بچنا اور ان کی اطلاع دینا:حالیہ پناہ گزینوں اور تارکین وطن کے لیے فراڈ سے متعلق ایک دستی کتابچہ
- نیو یارک سٹی بار ایسوسی ایشن (New York City Bar Association): کسی اٹارنی کے حوالے کے لیے 1-212-626-7373 پر کال کریں۔

تارکین وطن کے لیے صارف کے تحفظ کی تجاویز:

# ملازمتی ایجنسیاں

## آگے پڑھنے سے پہلے…

**ملازمتی ایجنسی کیا ہے؟**
ملازمتی ایجنسی ملازمین تلاش کرنے میں آجروں کی اور کام تلاش کرنے میں نوکری کے متلاشیوں کی مدد فیس کے عوض کرتی ہے۔

**مفت مدد حاصل کریں۔**
سٹی ہذا نوکری کے متلاشیوں کو مفت مدد پیش کرتا ہے۔ nyc.gov/workforce1 ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور ایک ورک فورس 1 کیریئر سنٹر تلاش کرنے کو کہیں۔

**اگر آپ نوکری تلاش کرنے کے لیے کسی ملازمتی ایجنسی کے ساتھ کام کرتے ہیں تو آپ کی مدد کے لیے تجاویز یہ ہیں۔**

### عمومی تجاویز

- **لائسنس یافتہ ملازمتی ایجنسی کا استعمال کریں۔** ملازمتی ایجنسیوں کے پاس محکمہ برائے امور صارفین (DCA) کا لائسنس ہونا ضروری ہے۔

لائسنس اور تعمیل کی سرگزشت چیک کرنے کے لیے ملاحظہ کریں nyc.gov/dca یا 311 پر کال کریں۔

**اہم بات**

- ملازمتی ایجنسیاں تربیتی کلاسوں یا اسناد جیسی دیگر خدمات کے لیے آپ پر فیس عائد نہیں کر سکتی ہیں۔
- کیا آپ سیکورٹی ٹریننگ اسکول میں ہیں؟ اسے نیو یارک اسٹیٹ کےڈویژن آف کریمنل جسٹس سروسز (Division of Criminal Justice Services) کے پاس رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔
- کیا آپ بارٹینڈنگ اسکول میں ہیں؟ نیو یارک اسٹیٹ کا بیورو آف پروپرائٹری اسکول سپرویژن (Bureau of Proprietary School Supervision) بارٹینڈنگ اسکولوں کی نگرانی کرتا ہے۔

- **ان ملازمتی ایجنسیوں کا استعمال نہ کریں جو نوکریوں کی "ضمانت" دیتی ہیں۔** ملازمتی ایجنسیاں یہ ضمانت نہیں دے سکتی ہیں کہ وہ آپ کے لیے نوکری تلاش کر لیں گی۔ ایجنسیاں آپ کو صرف ان نوکریوں کا حوالہ دے سکتی ہیں جو دستیاب ہیں اور جو کم از کم اقل اجرت ادا کرتی ہیں۔

اقل اجرت نیو یارک اسٹیٹ اور وفاقی قانون کے ذریعہ طے کی جاتی ہے۔ نیو یارک اسٹیٹ کی اقل اجرت کے لیے labor.state.ny.us ملاحظہ کریں۔

- **یہ جانیں کہ ملازمتی ایجنسی کس حساب سے فیس لیتی ہے۔** ملازمتی ملازمتی ایجنسیاں آپ کو جاب دلوانے سے قبل فیس وصول نہیں کر سکتیں۔

فیس قانون کے ذریعہ طے کردہ زیادہ سے زیادہ رقم سے زائد نہیں ہو سکتی ہے۔

ملازمتی ایجنسی کے قوانین اور قواعد کے لیے nyc.gov/dca ملاحظہ کریں، جہاں پر فیس سے متعلق معلومات موجود ہیں۔

آپ کو اپنی پوری فیس کی واپسی کا حق حاصل ہے اگر ایجنسی نے:

- آپ سے پیشگی فیس، ڈیپازٹ فیس، رجسٹریشن فیس، درخواست فیس یا انٹرویو فیس وصول کی ہو۔ یا
- آپ کو کسی دوسری ملازمتی ایجنسی یا تربیتی اسکول کو ریفر کر دیا ہو۔ یا
- کسی اضافی خدمات جیسے تربیتی کورسز، فوٹوگراف یا آپ کے ریزیومے کے جائزے کے لیے فیس وصول کی ہو۔

- **ایک درست، تحریری معاہدے کا مطالبہ کریں۔** آپ کے دستخط کرنے سے پہلے ایجنسیوں کو آپ کو پورا معاہدہ دینا ضروری ہے۔ آپ کے معاہدے میں درج ذیل ہونا چاہیے:
  - ایجنسی کا نام، پتہ اور DCA کا لائسنس نمبر
  - کام کی نوعیت
  - قیمت
  - فیس کی ادائیگی کا شیڈیول

  یہ یقینی بنائیں کہ تحریری معاہدہ آپ کے زبانی معاہدے کے مماثل ہے۔

  دستخط کرنے سے پہلے، ایجنسی سے اپنے سبھی سوالوں کا جواب تحریری شکل میں حاصل کریں۔

  ایجنسی پر معاہدے کی ایک کاپی اور ہر ادائیگی کی ایک رسید آپ کو دینا لازم ہے۔ سبھی کاپیاں ایک محفوظ جگہ پر رکھیں۔

- **غیر قانونی سوالوں کے جواب نہ دیں۔** جب تک درست لیاقتوں والی نوکری نہ ہو تب تک کسی آجر یا ایجنسی کے لیے درج ذیل کے بارے میں سوالات پوچھنا غیر قانونی ہے:
  - عمر
  - نسل
  - مسلک
  - مذہب
  - رنگ
  - قومی نژاد
  - صنف
  - معذوری
  - ازدواجی حیثیت
  - پارٹنرشپ کی حیثیت
  - نگراں کی حیثیت
  - جنسی رجحان
  - پردیسی کی حیثیت یا شہریت کی حیثیت

- **DCA کے پاس شکایت درج کرائیں۔** DCA کے پاس nyc.gov/dca پر آن لائن ایک شکایت درج کرائیں یا اپنی زبان میں شکایت درج کرانے کے لیے 311 پر رابطہ کریں۔ شکایت درج کرانے کے لیے آپ کو اپنا نام یا اپنی ترکِ وطن کی حیثیت بتانا ضروری نہیں ہے۔ یاد رکھیں: اگر آپ چاہتے ہیں کہ DCA آپ سے رابطہ کرے تو آپ کو اپنا نام اور پتہ فراہم کرنا ضروری ہے۔

# آگاہ رہیں...

## لوٹنے والے اسکولز

NYC میں سیکڑوں منفعتی اسکول ہیں۔ کورسز میں ایئر کنڈیشننگ کی مرمت اور علوم آرائش سے لے کر طبی ٹیکنیشین کی تربیت تک ہر چیز شامل ہے۔ کچھ اسکول طلبہ کو گمراہ کرتے ہیں۔ وہ ممکن ہے:

- آپ کو کافی ساری مالی امداد ملنے کے چکر میں پھنسا دیں۔
- آپ کی سندیافتگی کے بعد آپ کو نوکری ملنے کی "ضمانت دیں"۔
- آپ کی ڈگری کی قدر و قیمت، شمول اس بابت جھوٹ بولیں کہ آیا آپ کے کریڈٹس دوسرے اسکول میں منتقل کیے جائیں گے۔

یاد رکھیں:

- مالی امداد عموماً ایک لون ہوتا ہے جو آپ کو واپس ادا کرنا ضروری ہے۔ یہ کوئی اسکالرشپ نہیں ہے۔
- اسکولوں کے بارے میں خوب تحقیق کریں۔
- جس دن اسکول میں جائیں اسی دن سائن اپ نہ کریں۔
- اسکول کی ٹیوشن کی منسوخی کی پالیسی تحریری شکل میں حاصل کریں۔

**311 پر کال کر کے** اعلیٰ تعلیم کے اسکول کے خلاف شکایت درج کرائیں۔

## مفت مدد

- nyc.gov/workforce1 ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور ایک مفت ورک فورس 1 کیریئر سنٹر (Workforce1 Career Center) تلاش کرنے کو کہیں۔
- nyc.gov ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور مفت اور کم قیمت کے تعلیم بالغان کے پروگراموں کے بارے میں پوچھیں۔

### اہم بات

- براہ راست سماجی خدمات فراہم کرنے والی سٹی ایجنسیوں کو آپ کی پہلی زبان میں ترجمانی اور ترجمہ کا انتظام کرنا ضروری ہے۔
- سٹی ایجنسیاں ترکِ وطن کی حیثیت کے بارے میں معلومات طلب نہیں کر سکتی ہیں الّا یہ کہ بینیفٹ یا خدمت کے مدنظر اہلیت کا تعین کرنے کے لیے یہ ضروری ہو۔

## دیگر وسائل

- تارکین وطن کے لیے صارف کے تحفظ کی دیگر تجاویز پڑھیں:
  - مالی امور
  - ترکِ وطن میں اعانت سے متعلق خدمات
  - ٹیکس کی تیاری
- مزید معلومات کے لیے nyc.gov/dca ملاحظہ کریں، بشمول:
  - ملازمت تلاش کنندگان کے حقوق کا مسودہ قانون
  - ملازم کے حقوق اور آجر کی ذمہ داریوں کا بیان (خانگی یا گھریلو ملازمین)
  - NYC کی بامعاوضہ بیماری کی چھٹی کا قانون
  - NYC کا یومیہ سفر کرنے والوں کے بینیفٹ کا قانون
- میئرز آفس آف امیگرنٹ افیئرز [Mayor's Office of Immigrant Affairs (MOIA)]: تارک وطن کارکنان اور نوکریوں اور کام کے بارے میں معلومات کی بابت nyc.gov/immigrants ملاحظہ کریں۔
- اسمال بزنس سروسز [Small Business Services (SBS)]: نوکری کے متلاشیوں کے لیے مدد کے مدنظر nyc.gov/sbs ملاحظہ کریں۔
- حقوق انسانی کمیشن (Human Rights Commission): امتیازی سلوک کے بارے میں شکایت درج کرانے کے لیے nyc.gov/humanrights ملاحظہ کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔ تارکین وطن اور کام پر اور گھر پر NYC کے حقوق انسانی (Immigrants & NYC Human Rights at Work and at Home) پڑھیں۔

## تارکین وطن کے لیے صارف کے تحفظ کی تجاویز:

# مالی امور

### عمومی تجاویز

- **بینک یا کریڈٹ یونین اکاؤنٹ کھولیں۔** سٹی ہذا محفوظ اور حسب مقدور چیکنگ اور سیونگز اکاؤنٹ پیش کرتا ہے۔ ان پروگراموں میں شامل ہیں:
  - **NYC ڈائریکٹ ڈپازٹ (NYC Direct Deposit):** اگر آپ اپنی ادائیگی کا چیک براہ راست جمع کراتے ہیں تو آپ ایک مفت چیکنگ اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ اکاؤنٹ کی کوئی ماہانہ فیس نہیں ہے؛ ڈیبٹ کارڈ سے خریداریوں یا ATM سے رقوم نکالنے پر اوور ڈرافٹ کا کوئی اختیار نہیں ہے؛ کم از کم بیلنس کا کوئی تقاضا نہیں ہے یا معمولی ہے؛ مفت آن لائن بینکنگ اور بل کی ادائیگی؛ درون نیٹ ورک ATM سے مفت نکاسی۔
  - **NYC سیف اسٹارٹ اکاؤنٹ (NYC SafeStart Account):** آپ ایک اسٹارٹر سیونگز اکاؤنٹ کھول سکتے ہیں۔ اکاؤنٹ میں کوئی اوور ڈرافٹ فیس نہیں ہے؛ اگر آپ کم از کم بیلنس پورا کرتے ہیں تو کوئی ماہانہ فیس نہیں ہے؛ کم از کم بیلنس کے تقاضے $25 یا اس سے بھی کم، مالی ادارے کے لحاظ سے؛ ATM کارڈ یا ڈیبٹ کارڈ۔

NYC ڈائریکٹ ڈپازٹ یا NYC سیف اسٹارٹ اکاؤنٹ (NYC SafeStart Account) کے بارے میں مزید معلومات کے لیے nyc.gov/dca ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں۔

آپ IDNYC کے ایک شرکت کنندہ بینک یا کریڈٹ یونین میں چیکنگ یا سیونگز اکاؤنٹ کھولنے کے لیے IDNYC کا استعمال کر سکتے ہیں۔ برانچ کے مقامات کے مدنظر nyc.gov/idnyc ملاحظہ کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔

صفحہ 9 پر دیکھیں کہ ایک محفوظ، حسب مقدور چیکنگ اکاؤنٹ کے مدنظر کس چیز پر نگاہ ڈالیں۔

- **منی ٹرانسفر ایجنٹس ہمیشہ ارزاں ترین اختیار نہیں ہوتے ہیں لہذا قیمتوں کا موازنہ کر لیں۔** رقم گھر بھیجنے کا بہترین طریقہ تلاش کرنے کے لیے مالی اداروں، منی ٹرانسفر کمپنیوں/ایجنٹوں کے پاس اور آن لائن منی ٹرانسفر سروسز کی قیمتوں کی تحقیق کر لیں۔ فیس اور زر مبادلہ کی شرح، نیز یہ بھی دیکھیں کہ اہل خانہ کو رقم کیسے اور کہاں پر ملے گی۔
- **ملکیت کا کرایہ (rent-to-own) کے کاروبار سے بچیں** گھریلو آئٹمز خریدنے کے لیے ملکیت کے کرایہ کا کاروبار استعمال کرنا کافی مہنگا ہے۔ اوسطاً، کافی طویل مدت تک اپنے لیےآئٹمز کرایے پر لینے والے گاہک درج نقد قیمت سے 70 فیصد سالانہ فیصدی شرح [annual percentage rate (APR)] ادا کرتے ہیں۔ یہ کاروبار قیمتوں کو بہت کم نہیں کرتے ہیں۔ بہترین سودے کے مدنظر گھوم پھر کر معلوم کر لیں۔
- **پری پیڈ ڈیبٹ کارڈ کے معاملے میں محتاط رہیں۔** پری پیڈ ڈیبٹ کارڈ سے آپ کو بجٹ کے اندر رہنے میں مدد مل سکتی ہے، لیکن مخفی فیس سے آگاہ رہیں۔
- **پے ڈے (Payday) لونز نیو یارک میں غیر قانونی ہیں۔** پے ڈے لون ایک قلیل مدتی لون ہوتا ہے جو عموماً آپ کی اگلی ادائیگی والے دن کو واجب الادا ہوتا ہے۔ قرض لینے والے کافی زیادہ فیس اور سود کی شرحیں ادا کرتے ہیں۔ اگر آپ کو پے ڈے لون کی پیشکش موصول ہوتی ہے تو براہ کرم 1-800-342-3736 پر کال کرکے یا dfs.ny.gov ملاحظہ کرکے نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ برائے مالی خدمات (Department of Financial Services) کو اس کی اطلاع دیں۔

### اہم بات

اگر آپ کے پاس کرایے یا دیگر اہم ضرورت کے لیے رقم نہیں ہے تو کچھ قابل غور متبادل یہ ہیں:

- ہیومن ریسورسز ایڈمنسٹریشن [Human Resources Administration (HRA)] کے ہنگامی اعانت کے پروگراموں بشمول نقد اعانت کےبارے میں مزید جانیں۔ 311 پر کال کرکے یا nyc.gov/hra ملاحظہ کرکے مزید جانیں۔
- کریڈٹ یونین یا بینک کی جانب سے چھوٹے لون پر غور کریں۔ کمترین شرح سود پتہ کرنے کے لیے گھوم پھر کر معلوم کرکے یقین کر لیں۔
- اپنے آجر سے پے رول ایڈوانس کے بارے میں پوچھیں۔ تحریری پالیسی پڑھ لیں۔ یہ یقینی بنائیں کہ فیس معقول ہو۔
- اہل خانہ یا دوستوں سے معمولی لون طلب کریں۔
- آپ کے کریڈٹ کارڈ فراہم کنندہ کی جانب سے کبھی کبھی پیشگی نقدی دستیاب ہوتی ہے۔ اس کی شرح سود کریڈٹ یونین یا بینک لون سے زیادہ ہو سکتی ہے۔ یقینی طور پر سبھی لاگتوں کا موازنہ کر لیں۔

- **چیک کیشرز سے بچیں۔** چیک کیشر کا استعمال کرنے پر اوسطاً ہر سال $475 فیس کی لاگت آ سکتی ہے۔ محفوظ اور حسب مقدور بینک اور کریڈٹ یونین اکاؤنٹس چیک کیشرز کا استعمال کرنے کی بہ نسبت کم مہنگے ہیں۔
- **اپنے قرضے پر قابو رکھیں۔** قرض کافی تیزی سے اکٹھا ہو سکتے ہیں اور آپ کی کریڈٹ رپورٹ، کوئی اپارٹمنٹ کرایے پر لینے یا گھر خریدنے وغیرہ کی آپ کی اہلیت کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ سٹی ہذا قرض خواہوں اور قرض وصول کنندگان سے نمٹنے، ادائیگیوں کو مستحکم بنانے اور ادائیگی کا ایک منصوبہ بنانے میں آپ کی مدد کر سکتا ہے۔ مفت مدد دیکھیں۔

## ایک محفوظ، حسب مقدور چیکنگ اکاؤنٹ کے لیے کس چیز پر نگاہ رکھی جائے:

### فیس نہ ہو یا کم ہو

- ❑ ماہانہ مینٹیننس یا سروس فیس جو $3 یا اس سے کم ہو
- ❑ درون نیٹ ورک ATMs کا مفت استعمال
- ❑ ڈیبٹ کارڈ استعمال کرنے پر کوئی فیس نہ ہو
- ❑ ڈیبٹ کارڈ سے کی جانے والی خریداریوں یا ATM سے رقم نکالنے پر اوور ڈرافٹ کا اختیار نہ ہو

### کم از کم اور ٹرانزیکشنز

- ❑ معمولی کم از کم بیلنس اور ابتدائی ڈپازٹ کے تقاضے ($25 یا کم)
- ❑ اکاؤنٹ بیلنس مفت چیک کرنے کے بہت سارے طریقے (آن لائن، فون، متنی پیغام، ATM)
- ❑ معقول ٹرانزیکشن پر کوئی ماہانہ فیس کے تقاضے نہ ہوں (مثلاً، ڈائریکٹ ڈپازٹ، ATM)

# آگاہ رہیں...

### لوٹنے والی قرض دہندگی

- کچھ مالی ادارے "شہریت" یا "ترکِ وطن" والے لونز پیش کرتے ہیں۔ ایسا فرض کیا جاتا ہے کہ ان لونز سے وطن گیری کی درخواست اور قانونی فیس کی لاگت کی تلافی کرنے میں مدد ملتی ہے۔ اگر آپ اس قسم کے لون کے بارے میں سوچ رہے ہیں تو متعدد بینکوں اور کریڈٹ یونینز کی شرائط و ضوابط کا موازنہ یقینی طور پر کریں۔ مفت مدد دیکھیں۔
- استعما ل شدہ کار کے لیے لون لوٹنے والی قرض دہندگی کی ایک عام قسم ہے۔ اکثر یہ لون مستعار لینے والوں کے لیے برے ثابت ہوتے ہیں۔ دوسرے لونز کی طرح، اپنے طور پر تحقیق کریں اور اپنے لیے بہترین پیشکش پتہ کرنے کے لیے شرائط و ضوابط کا معائنہ کر لیں۔

### تارکین وطن کو نشانہ بنانے والے مالی فریب

- **خوش قسمتی کا فریب:** کوئی آپ سے کہتا ہے کہ آپ کے ساتھ یا آپ کے خاندان میں کسی کے ساتھ کچھ برا ہونے والا ہے الّا یہ کہ آپ کی خوش قسمتی ہاتھ آ جائے۔ خصوصی طور پر، "قسمت" کا مطلب نقدی اور زیور ہوتا ہے۔ خوش قسمتی حاصل کرنے کے لیے آپ کو اپنی قسمت بیگ میں لے کر آنا ضروری ہے۔ "خوش قسمتی" حاصل کرنے کے دوران آپ کی قسمت چوری ہو جاتی ہے۔ NYC میں، ایسے فریب کا نشانہ چینی کمیونٹی ہوتی ہے۔
- **قرض دہندہ حلقے کا فریب:** بہت ساری تارک وطن کمیونٹیز کے لیے، غیر رسمی قرض دہندہ حلقے ایسے وقت میں رقم حاصل کرنے کا طریقہ ہوتے ہیں جب آپ کو بینک یا کریڈٹ یونین سے رقم نہیں مل پاتی ہے۔ شرکاء ہر مہینے رقم ادا کرتے ہیں۔ آپ کی باری آنے پر آپ کو ادائیگی ملتی ہے۔ شامل ہونے سے پہلے قرض دہندہ حلقوں کی بابت اپنی تحقیق کر لیں۔
- **قسمت کا حال بتانے کا فریب:** "قسمت کا حال بتانا" نیو یارک میں غیر قانونی ہے۔ کسی مصیبت سے نجات پانے کے لیے آپ کے مستقبل کی پیشین گوئی کے عوض کوئی بھی شخص رقم وصول نہیں کر سکتا ہے۔

### مفت مدد

- NYC فائنانشیل ایمپاورمنٹ سنٹر (NYC Financial Empowerment Center) میں مفت پیشہ ورانہ فرداً فرداً مالی مشاورت حاصل کریں۔ اپنے قریب میں ایک اپائنٹمنٹ متعین کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا مزید معلومات کے لیے nyc.gov/dca ملاحظہ کریں۔
- اپنے کریڈٹ رپورٹ کی ایک مفت کاپی لیں اور بغور اس کا جائزہ لیں۔ annualcreditreport.com پر جائیں یا ٹول فری 1-877-322-8228پر کال کریں۔
- آپ NYCitizenship کی معرفت شہریت کی درخواستوں میں مفت قانونی مدد حاصل کر سکتے ہیں۔ آپ کو ایک اپائنٹمنٹ طے کرنا ضروری ہے۔ 311 پر کال کریں اور "شہریت کے لیے اپائنٹمنٹ"بولیں یا NYCitizenship ہاٹ لائن کو 1-212-514-4277 پر کال کریں۔
- مفت کاروباری کورسز ہسپانوی، چینی، روسی، کوریائی، ہیتی کریوول، فرانسیسی، بنگالی اور عربی میں سٹی کی تارک وطن کے لیے کاروباری مہم (Immigrant Business Initiative) کی معرفت دستیاب ہیں۔ nyc.gov/immigrantbusinesses ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور تارکین وطن کے لیے کاروباری خدمات کے بارے میں پوچھیں۔

## دیگر وسائل

- تارکین وطن کے لیے صارف کے تحفظ کی دیگر تجاویز پڑھیں:
  - ملازمتی ایجنسیاں
  - ترکِ وطن میں اعانت سے متعلق خدمات
  - ٹیکس کی تیاری
- فریب کے بارے میں مزید معلومات کے لیے nyc.gov/dca بھی ملاحظہ کریں۔
- میئرز آفس آف امیگرنٹ افیئرز [(Mayor's Office of Immigrant Affairs (MOIA]: تارکین وطن کے لیے قانونی اور سٹی کی خدمات کے بارے میں معلومات کے لیے nyc.gov/immigrants ملاحظہ کریں۔
- اسمال بزنس سروسز [(Small Business Services (SBS]: کاروبار کے مالکان کے لیے مفت خدمات کے بارے میں جاننے کے لیے nyc.gov/immigrantbusinesses ملاحظہ کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔ NYC کاروباری تدابیر کے مراکز (NYC Business Solutions Centers) اور تارک وطن کے لیے کاروباری مہم SBS کے ذریعے چلائے جاتے ہیں۔
- بیورو برائے صارف کے مالی تحفظات [(Consumer Financial Protection Bureau (CFPB]: دوسرے ملک میں رقم بھیجنے کے بارے میں مزید معلومات کے لیے consumerfinance.gov ملاحظہ کریں۔

## تارکین وطن کے لیے صارف کے تحفظ کی تجاویز:

# ٹیکس کی تیاری

### آگے پڑھنے سے پہلے...

**مفت مدد حاصل کریں۔**

سٹی ہذا نیو یارک کے اہل باشندوں کو NYC فری ٹیکس پریپ پیش کرتا ہے۔ مزید معلومات کے لیے nyc.gov/taxprep ملاحظہ کریں یا 311 پر رابطہ کریں۔ مفت مدد دیکھیں۔

## عمومی تجاویز

**اگر آپ اپنا ٹیکس فائل کرنے کے لیے بامعاوضہ ٹیکس تیار کنندہ کا استعمال کرتے ہیں تو یہاں پر درج تجاویز آپ کی مدد کے لیے ہیں۔**

- **یقینی بنائیں کہ آپ کا ٹیکس تیار کنندہ رجسٹرڈ ہے۔** نیو یارک اسٹیٹ میں ہر ٹیکس تیار کنندہ کو نیو یارک اسٹیٹ کے محکمہ براہ ٹیکس کاری اور مالی امور (Department of Taxation and Finance) کے پاس رجسٹرڈ ہونا ضروری ہے۔ ایک قابل تلاش ڈیٹابیس کے لیے tax.ny.gov ملاحظہ کریں۔

311 پر کال کریں کاروباری اوقات کے دوران اور محکمہ برائے امور صارفین (DCA) کو منتقل کیے جانے کو کہیں تاکہ یہ پتہ لگایا جائے کہ آیا کاروبار کو کوئی شکایات موصول ہوئی ہیں۔

- **اپنے حقوق کو جانیں۔** ٹیکس تیار کنندگان پر لازم ہے کہ:
  - آپ سے ٹیکس کی تیاری سے متعلق خدمات کے بارے میں کسی گفتگو سے قبل آپ کو ٹیکس تیار کنندگان کے سلسلے میں صارف کے حقوق کا مسودہ قانون *(Consumer Bill of Rights Regarding Tax Preparers)* کی ایک مفت، تازہ اور پڑھی جانے لائق کاپی فراہم کریں۔
  - اپنی لیاقت، فیس اور آیا سرکاری آڈٹ میں وہ آپ کی نمائندگی کریں گے یا نہیں اس بابت شائع کریں۔
  - ہر ٹیکس ریٹرن پر دستخط کریں۔
  - آپ کے ٹیکس ریٹرنز کی ایک کاپی اور خدمت کی مد وار رسید یا گوشوارہ فراہم کریں۔

کبھی بھی ایسے ٹیکس ریٹرن پر دستخط نہ کریں جو خالی، نامکمل یا پنسل سے بھرا گیا ہو۔ اسے بعد میں تبدیل کیا جا سکتا ہے۔

- **ایک تخمینہ طلب کریں اور اپنی مد وار رسید یا گوشوارے کا موازنہ شائع کردہ قیمتوں سے کریں۔** آپ کے ٹیکسز تیار کیے جانے سے قبل آپ کو تخمینہ طلب کرنے کا حق ہے۔ ٹیکس تیار کنندگان آپ پر واجب ٹیکس کی رقم یا آپ کے متوقع ریفنڈ کی بنیاد پر آپ پر فیس عائد نہیں کر سکتے ہیں۔

- **ریفنڈ کی توقع والے پروڈکٹس سے احتراز کریں۔** ٹیکس کی توقع والا چیک [Refund Anticipation Check (RAC)] یا ریفنڈ ٹرانسفر ٹیکس تیاری کی فیس بعد میں ادا کرنے کے مہنگے طریقے ہیں۔ ریفنڈ کی توقع والا لون [Refund Anticipation Loan (RAL)] زیادہ سود والا لون ہے۔ یہ پروڈکٹس آپ کے ریفنڈ کو تیزگام نہیں کرتے ہیں۔

### اہم بات

- RAL یا RAC کا استعمال کرنے سے آپ کی رقم خرچ ہوگی اور آپ کو ریفنڈ کی جو کل رقم ملتی ہے وہ کم ہو جائے گی۔
- قرض دہندہ آپ پر فیس اور سود عائد کر سکتا ہے۔ جس ٹیکس تیار کنندہ نے لون کی پیشکش کی ہے وہ آپ کی RAL درخواست تیار کرنے کے لیے چارجز یا فیس شامل نہیں کر سکتا ہے۔
- ٹیکس تیار کنندہ کے لیے یہ دعوی کرنا غلط ہے کہ RAL کوئی "انسٹنٹ ریفنڈ"، "ریپڈ ریفنڈ"، "ایکسپریس ریفنڈ"، "پری فنڈ"، "فاسٹ کیش" ہے یا دیگر ایسی ملتی جلتی اصطلاح سے جو RAL کے ایک لون ہونے کی حقیقت کو مخفی کر دے۔
- آپ کا ٹیکس تیار کنندہ آپ سے RAL لینے کا مطالبہ نہیں کر سکتا ہے۔

ریفنڈ کی ادائیگی کو تیزگام کرنے کے لیے الیکٹرانک فائلنگ، ڈائریکٹ ڈیپازٹ اور دیگر اختیارات کے بارے میں کہیں۔ اگر آپ ڈائریکٹ ڈپازٹ کا استعمال کرتے ہیں تو آپ 8 سے 14 کاروباری دنوں میں وفاقی ٹیکس ریفنڈ حاصل کر سکتے ہیں۔

- **پری پیڈ اور گفٹ کارڈز کے بارے میں عمدہ پرنٹ پڑھیں۔** کچھ تیار کنندگان آپ کا بعض یا کل ریفنڈ پری پیڈ یا گفٹ کارڈ میں ڈالنے کی پیشکش کرتے ہیں۔ یقینی طور پر چیک کر لیں کہ تیار کنندہ اس اختیار کے لیے کتنی رقم عائد کرتا ہے۔ نیز، کارڈ کو استعمال کرنے، استعمال نہ کرنے یا دوبارہ لوڈ کرنے کی فیس جانیں؛ آیا کارڈ کی کوئی اختتامی میعاد ہے؛ اور آپ کا کارڈ گم ہو جانے پر کیا ہوتا ہے۔

- **DCA کے پاس شکایت درج کرائیں۔** DCA کے پاس nyc.gov/dca پر آن لائن ایک شکایت درج کرائیں یا اپنی زبان میں شکایت درج کرانے کے لیے 311 پر رابطہ کریں۔ شکایت درج کرانے کے لیے آپ کو اپنا نام یا اپنی ترکِ وطن کی حیثیت بتانا ضروری نہیں ہے۔ یاد رکھیں: اگر آپ چاہتے ہیں کہ DCA آپ سے رابطہ کرے تو آپ کو اپنا نام اور پتہ فراہم کرنا ضروری ہے۔

# آگاہ رہیں...

## لوٹنے والے کاروبار

چاہے جو بھی آپ کے ٹیکسز تیار کرے، آپ کے ریفنڈ کی رقم اتنی ہی ہونی چاہیے۔ ایسے افراد سے ہوشیار رہیں جو دعوی کرتے ہیں کہ وہ آپ کو قدرے زیادہ ریفنڈ دلوا سکتے ہیں۔

## انٹرنل ریونیو سروس (IRS) کا فریب

آپ کو IRS سے ایک کال موصول ہوتی ہے جس میں یا تو آپ کو ڈرایا جاتا ہے کہ آپ پر رقم بقایا ہے یا کہ آپ کا ایک بڑا ریفنڈ بقایا ہے۔
**دی کیچ (THE CATCH):** آپ کو معلومات یا ادائیگی کی تصدیق کرنی یا یہ چیز فراہم کرنی ہوتی ہے۔

*IRS* کبھی بھی یہ کام نہیں کرے گی:

- آپ کی ذاتی یا مالی معلومات کے لیے آپ کو کال یا ای میل کرنا۔
- گفٹ کارڈ کے ذریعہ ادائیگی طلب کرنا۔

## مفت مدد

- آپ NYC فری ٹیکس پریپ (NYC Free Tax Prep) سروسز کے لیے اہل قرار پا سکتے ہیں جس میں آن لائن فائلنگ اور IRS سے مصدقہ VITA/TCE کے ایک رضاکار تیار کنندہ کے ساتھ بذات خود فائلنگ شامل ہے۔ مزید معلومات، بشمول آمدنی کی اہلیت اور اپنے ٹیکسز فائل کرنے کے لیے آپ کو درکار دستاویزات کی فہرست کے لیے nyc.gov/taxprep ملاحظہ کریں یا 311 پر کال کریں اور ٹیکس تیار کنندہ کی اعانت طلب کریں۔

### اہم بات

- آپ اپنے ٹیکس فائل کرنے کے لیے ثبوت کے طور پر IDNYC کا استعمال کر سکتے ہیں۔
- کچھ NYC فری ٹیکس پریپ سائٹس انفرادی ٹیکس ادا کنندہ کے شناختی نمبر [Individual Taxpayer Identification Number (ITIN)] کے لیے درخواست دینے میں آپ کی مدد کر سکتی ہیں۔ سائٹ پر تفصیلی نگاہ ڈالیں۔
  - ITIN ایک ٹیکس پروسیسنگ نمبر ہے جو IRS کے ذریعہ جاری کیا جاتا ہے۔ IRS ان غیر ملکی شہریوں اور دوسرے افراد کو ITINs جاری کرتا ہے جن کے پاس وفاقی ٹیکس رپورٹنگ یا فائلنگ کے تقاضے ہوتے ہیں اور جو سوشل سیکورٹی نمبروں کے لیے اہل قرار نہیں پاتے ہیں۔

- ٹیکس ریفنڈ کا زیادہ سے زیادہ فائدہ اٹھانے کے لیے NYC فائنانشیل ایمپاورمنٹ سنٹر میں مفت پیشہ ورانہ فرداً فرداً مالی مشاورت حاصل کریں۔ اپنے قریب میں ایک اپائنٹمنٹ متعین کرنے کے لیے 311 پر کال کریں یا مزید معلومات کے لیے nyc.gov/dca ملاحظہ کریں۔

## دیگر وسائل

- تارکین وطن کے لیے صارف کے تحفظ کی دیگر تجاویز پڑھیں:
  - ملازمتی ایجنسیاں
  - مالی امور
  - ترکِ وطن میں اعانت سے متعلق خدمات
- میئرز آفس آف امیگرنٹ افیئرز [Mayor's Office of Immigrant Affairs (MOIA)]: تارکین وطن کے لیے قانونی اور سٹی کی خدمات کے بارے میں معلومات کے لیے nyc.gov/immigrants ملاحظہ کریں۔

## یادداشتیں

# یادداشتیں

"فروغ پذیر کمیونٹیز تخلیق کرنے کے لیے نیو یارک کے باشندوں کی یومیہ معاشی زندگی کا تحفظ کرنا اور اسے ترقی کی راہ پر گامزن کرنا۔"